کیا فرشتوں کو اور شیطانوں کو بھی موت آئے گی؟

مجیب: محمد سجاد عطاری مدنی زید مجدہ

فتوی نمبر: Web:28

تاریخ اجراء: 23 ربیع الثانی 1442ھ/09 دسمبر 2020ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ فرشتوں اور شیطانوں کو موت آئے گی یا نہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں فرشتوں اور شیطانوں کو بھی موت آئے گی۔ نفخہ اولی کے وقت سب کچھ فنا ہو جائے گا صرف اللہ تبارک وتعالی کی ذاتِ بابرکات باقی رہ جائے گی۔ نفخہ اُولیٰ سے مراد حضرت اسرافیل علیہ السلام کا پہلی مرتبہ صور پھونکنا ہے، جس کی وجہ سے ہر چیز فنا ہو جائے گی، انسان ہوں یا فرشتے، جن ہو یا شیطان سب مر جائیں گے، اس کے چالیس سال بعد دوسرا صور پھونکا جائے گا، تو مردے زندہ ہو جائیں گے، پھر قیامت قائم ہو گی۔

تفسیر در منثور میں ہے کہ "النفخة الاولیٰ یموت فیھا ابلیس وبین النفخة والنفخة اربعون سنة قال فیموت ابلیس اربعین سنة" یعنی نفخہ اُولیٰ کے وقت ابلیس کو موت آئے گی اور نفخہ اُولیٰ اور نفخہ ثانیہ کے مابین چالیس سال کا عرصہ ہو گا اور کہا کہ ابلیس چالیس سال تک مردہ رہے گا۔

(تفسیر درمنثور، ج5، ص71، مطبوعہ دارالاحیاء والتراث)

حاشیة الجمل علی الجلالین میں ہے کہ "قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الۡمُنۡظَرِیۡنَ اِلٰی یَوۡمِ الۡوَقۡتِ الۡمَعۡلُوۡمِ، یعنی الوقت الذی یموت فیہ جمیع الخلائق وھو وقت النفخة الاولیٰ فتموت فیھا ثم

تبعث مع الناس فمدۃ موتہ اربعون سنۃ وھی مابین النفختین "یعنی اللہ پاک نے فرمایا کہ تو ان میں سے ہے جن کو اس معلوم وقت تک مہلت ہے یعنی وہ وقت جس میں تمام مخلوقات کو موت آئے گی اور وہ نفخہ اُولیٰ کا وقت ہے، تو بھی اسی وقت مرے گا، پھر تو لوگوں کے ساتھ قیامت والے دن اٹھے گا، شیطان کی موت کی مدت چالیس سال ہے جو کہ دونوں نفخوں کے مابین کا عرصہ ہے (یعنی شیطان چالیس سال تک مردہ حالت میں رہے گا)۔ (حاشیۃ الجمل، ج4، ص183، مطبوعہ کراچی)

مفتی امجد علی اعظمی بہار شریعت میں نفخہ اُولیٰ کے متعلق لکھتے ہیں کہ " دفعۃ حضرت اسرافیل علیہ السلام کو صور پھونکنے کا حکم ہو گا ۔ شروع شروع اس کی آواز بہت باریک ہو گی اور رفتہ رفتہ بہت بلند ہو جائے گی ۔ لوگ کان لگا کر اس کی آواز سنیں گے اور بے ہوش ہو کر گر پڑیں گے اور مر جائیں گے ، آسمان، زمین، پہاڑ یہاں تک کہ صور اور اسرافیل اور تمام ملائکہ فنا ہو جائیں گے۔

(بہار شریعت، ج1، ص128، مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net